10993-ایک شخص چالیس میل کی مسافت پر کام کرتا ہے کیا وہ نماز قصر کرے گا؟

سوال

میں ملازمت پر جانے کے لیے ڈیوٹی کے ایام میں (سوموار سے لیکر جمعہ تک) گاڑی کے ذریعہ تقریبا روزانہ چالیس میل کی مسافت طے کرتا ہوں روزانہ صبح اپنا علاقہ چھوڑ کر شام کو واپس آتا ہو، کیا میرے لیے ڈیوٹی پر نماز قصر کرنی جائز ہے، اگرچہ میں روزانہ سفر کروں؟

پسندیدہ جواب

اگر انسان اپنے
شہر سے تقریبا سو کلومیٹر کا سفر کرے تو وہ سفر کے احکام قصر، اور روزہ افطار
کرنا، اور نمازیں جمع کرنا، تین یوم موزوں پر مسح کرنا ان احکام پر عمل کر سکتا ہے،
کیونکہ یہ مسافت سفر کی مسافت شمار ہوگی، اور اسی طرح جمہور علماء کے ہاں تقریبا
اسی کلومیٹر مسافت کا سفر کرنے والا شخص بھی مسافر ہو گا.

واللہ اعلم.